حیسکو پریس ریلیز مورخہ 08.08.2026

چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل حیدرآباد، آپریشن سرکل لاڑ اور آپریشن میرپورخاص کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز، ڈویژنز اور سرکلوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جس میں ریکوری، لائن لاسز، بجلی چوری کے خلاف اقدامات اور زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی گئی، میٹنگ میں خراب کارکردگی کے حامل افسران کو وارننگ جاری کی گئی جب کہ گاڑی کھاتہ ڈویژن کے آر او اشفاق جھانوری کو خراب کارکردگی کی بناء پر معطل کیا گیا ہے۔

زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت مانیٹرنگ اور ویجیلنس جاری ہے۔ جو بھی صارف یا حیسکو ملازم بجلی چوری میں ملوث پایا گیا اس کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی، ایف آئی آر درج ہوگی اور ملوث ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ قانون کے نفاذ میں کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ڈی ایس یوز اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جارہی ہیں۔ ہمارا مقصد بجلی چوری کا خاتمہ، سو فیصد ریکوری، صارفین کا اعتماد بحال کرنا اور انہیں بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔ بہتر کارکردگی دکھانے والے افسران اور ملازمین ہماری ٹیم کا سرمایہ ہیں، جبکہ دیگر افسران کو بھی اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانا ہوگی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری۔

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل حیدرآباد، آپریشن سرکل لاڑ اور آپریشن میرپورخاص کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز، ڈویژنز اور سرکلوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جس میں ریکوری، لائن لاسز، بجلی چوری کے خلاف اقدامات اور زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی گئی، میٹنگ میں خراب کارکردگی کے حامل افسران کو وارننگ جاری کی گئی جب کہ گاڑی کھاتہ ڈویژن کے آر او اشفاق جھانوری کو خراب کارکردگی کی بناء پر معطل کیا گیا ہے، میٹنگ میں حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین کا اعتماد بحال کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ان کے ساتھ خوش اخلاقی، عزت اور احترام سے پیش آیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے ذریعے صارفین کے مسائل سنے جارہے ہیں، ٹیلیفون کالز اٹینڈ کی جارہی ہیں اور صارفین کی عزتِ نفس کا مکمل خیال رکھتے ہوئے انہیں بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام افسران روزانہ صبح 11 بجے سے دوپہر 1 بجے تک کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنائیں اور صارفین کے جائز مسائل فوری طور پر حل کریں۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے افسران اور تکنیکی عملے کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ جو افسر اور ملازمین محنت اور دیانتداری سے کام کریں گے وہی ادارے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پوری ٹیم کو یکجا ہو کر صرف اور صرف کام، کام اور کام کی پالیسی پر عمل کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود اور ان کی ٹیم فیلڈ میں اچانک دورے کرے گی، اور جہاں بھی بجلی چوری پکڑی گئی وہاں متعلقہ انچارج افسر اور لائن اسٹاف کے خلاف موقع پر کارروائی کی جائے گی، جس کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔ حیسکو چیف نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز پر زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت مسلسل مانیٹرنگ اور ویجیلنس کی جارہی ہے۔ جو بھی صارف یا حیسکو ملازم بجلی چوری میں ملوث پایا گیا، اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایف آئی آر کا اندراج لازمی ہوگا جبکہ ملوث ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی کی جائے گی۔ چاہے کوئی صارف ہو یا ملازم، کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈی ایس یوز اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مزید تیز کی جائیں کیونکہ بجلی چوری کا خاتمہ ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حیسکو گزشتہ مالی سال کے دوران 68 فیڈرز کو زیرو لوڈ شیڈنگ فہرست میں شامل کرچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ٹیم کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے صارفین کا اعتماد بحال کیا جارہا ہے اور ان شاء اللہ اسی جذبے اور محنت کے ذریعے حیسکو کو مزید ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ اس وقت صارف دوست پالیسی کے تحت پوری حیسکو ریجن میں بجلی کی فراہمی جاری ہے، لہٰذا تمام افسران اور عملہ عوام اور صارفین کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں، انہیں بہتر سہولیات فراہم کریں اور بجلی کے بلوں کی سو فیصد وصولی کو یقینی بنائیں چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف کمرشل آفیسر زکی مختیار، منیجر ایڈمن سیف الدین میمن، پی ڈی (کنسٹرکشن) انعام علی ابڑو، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایف سی سی) امبر شاہ، ریجنل منیجر (ایم اینڈ ٹی) جاوید احمد صدیقی، ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل اختر لطیف صدیقی، ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایس ای آپریشن سرکل میرپورخاص فرمان علی ڈہانی، ڈائریکٹر (اے ایم آئی) احمد خان سراز، ڈائریکٹر (ایس اینڈ آئی) منظور علی مگسی، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایم آئی ایس) محمود احمد، لائزن آفیسر فراز اشرف، ڈپٹی ڈائریکٹر (پی آر) محمد صادق کبر، اسسٹنٹ منیجر ولی داد چانڈیو اور ان کے علاوہ تمام ایکسین، ڈی سی ایم، ڈی ڈی (ٹیز) و دیگر بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل حیدرآباد، آپریشن سرکل لاڑ اور آپریشن میرپورخاص کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز، ڈویژنز اور سرکلوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا